# 28-06-2024 FRIDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆ نیٹ امتحان میں مبینہ بے ضابطگیوں کے معاملہ پر ہنگامہ کی وجہ سے لوک سبھا کی کارروائی کو دن بھر کیلئے ملتوی کر دیا گیا۔

☆ نیشنل ٹسٹنگ ایجنسی میں اصلاحات کے لئے وزارت تعلیم کی جانب سے قائم کی گئی ماہرین کی اعلیٰ سطحی کمیٹی نے طلبہ اور سرپرستوں سے تجاویز طلب کی ہیں۔

☆ سابق وزیراعظم و بھارت رتن پی وی نرسمہاراؤ کوان کے 103 ویں یوم پیدائش پر زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔

☆ میدک ضلع کے وڈیارم بائی پاس روڈ پر دولاریوں کے ٹکرانے سے پانچ افراد کی موت ہوگئی جبکہ تین افراد زخمی ہوئے ہیں۔

☆☆☆☆☆

سابق وزیراعظم و بھارت رتن پی وی نرسمہاراؤ کوان کے 103 ویں یوم پیدائش پر زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ تلنگانہ کے وزیر عمارت وشوارع کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی، جج کورٹ جسٹس این وی شردکمار، سرکاری مشیر ایچ وینوگوپال، ارکان اسمبلی ویمولا وی ریشم، ڈی ایلیا، پی وی نرسمہاراؤ کی بیٹی وایم ایل سی وانی دیوی، ان کے بیٹے پی وی پربھاکرراؤ، جی ایچ ایم سی کمشنر امرپال کاٹا، آئی این پی آر کمشنر ہنمنت راؤ، حیدرآباد کلکٹر انودیپ اور دیگر لیڈران وعہدیداروں نے گیان بھومی پی وی مارگ نکلس روڈ پہنچ کر پی وی نرسمہاراؤ کو خراج عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر پی وی نرسمہاراؤ کی ملک کے تئیں خدمات کو یاد کیا گیا۔ سیاسی لیڈران نے آنجہانی وزیراعظم کو دوراندیش سیاستداں قرار دیا اور کہا کہ انہوں نے ملک میں اقتصادی اصلاحات لانے میں اہم کردار ادا کیا تھا۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے پی وی نرسمہاراؤ کی خدمات کو یاد کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے اصلاحات کے ذریعہ ملک کی ترقی میں تیزی لانے میں اہم کردار ادا کیا تھا۔ ریونت ریڈی نے دہلی میں اپنی سرکاری رہائش گاہ پر پی وی نرسمہاراؤ کو خراج پیش کیا۔ ریونت ریڈی نے پی وی نرسمہاراؤ کے پوٹریٹ پر پھول مالا چڑھائی۔ اس موقع پر نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرما آرکا، وزیر آبپاشی اُتم کمار ریڈی اور دیگر لیڈران موجود تھے۔

☆☆☆☆☆

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں آج نیٹ امتحان میں مبینہ بے ضابطگیوں کے معاملہ پر ہنگامہ ہوا۔ جس کی وجہ سے لوک سبھا کی کارروائی کو دن بھر کیلئے ملتوی کرنا پڑا جبکہ راجیہ سبھا کی کارروائی تین بار ملتوی کی گئی۔ بارہ بجے دن پہلے التوا کے بعد جب لوک سبھا کی کارروائی دوبارہ شروع ہوئی تو کانگریس کے ارکان نے وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان کے استعفیٰ کا مطالبہ کرتے ہوئے نعرے بازی کی۔ کانگریس کے علاوہ ڈی ایم کے، ٹی ایم سی، سماج وادی پارٹی اور دیگر جماعتوں کے ارکان، اسپیکر کے ویل میں جمع ہو کر نعرے بازی کی۔ اسپیکر اوم برلا نے کہا کہ اس معاملہ کا جائزہ لینے کے لئے ایک کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ارکان پارلیمان صدر جمہوریہ کے خطبہ پر شکریہ کی تحریک کے دوران بحث میں اس موضوع کو اٹھا سکتے ہیں۔ پارلیمانی امور کے وزیر کرن ریجو نے نیٹ معاملہ پر بحث کے اپوزیشن کے مطالبہ کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ کانگریس اور دیگر اپوزیشن پارٹیاں ایوان کے وقار کو مجروح کر رہی ہیں۔ ہنگامہ آرائی کے دوران لوک سبھا کی کارروائی کو دن بھر کیلئے ملتوی کر دیا گیا۔ اس سے قبل جب ایوان کی کارروائی کا آغاز ہوا تو اسپیکر اوم برلا نے اپوزیشن کی جانب سے نیٹ معاملہ پر تحریک التوا کی نوٹس کو نامنظور کر دیا تھا۔ راجیہ سبھا میں بھی نیٹ معاملہ پر شور وغل دیکھا گیا۔ ایوان بالا میں بھی اپوزیشن پارٹیوں کانگریس، ٹی ایم سی، ڈی ایم کے، عام آدمی پارٹی کے ارکان نے نیٹ معاملہ پر نعرے بازی کی۔ صدر جمہوریہ کے خطبہ پر تحریک میں حصہ لیتے ہوئے بی جے پی کے رکن پارلیمنٹ سدھانشو ترویدی نے حکومت کی حصولیابیوں کا تذکرہ کیا۔ اسی بیچ قائد حزب اختلاف ملک ارجن کھرگے سمیت اپوزیشن ارکان نے ویل میں پہنچ کر نعرے بازی کی۔ چیئرمین جگدیپ دھنکر نے اس معاملہ پر اپنی برہمی کا اظہار کیا اور کہا کہ ایسا پہلی مرتبہ ہوا ہے کہ قائد حزب اختلاف بھی ویل میں داخل ہوگئے۔ راجیہ سبھا میں تین بار التوا کے بعد ایوان کی کارروائی دوبارہ شروع ہوئی۔

☆☆☆☆☆

نیشنل ٹسٹنگ ایجنسی میں اصلاحات کے لئے وزارت تعلیم کی جانب سے قائم کی گئی ماہرین کی اعلیٰ سطحی کمیٹی نے طلبہ اور سرپرستوں سے تجاویز طلب کی ہیں۔ اسرو کے سابق چیئرمین ڈاکٹر کے رادھا کرشنن کی صدارت میں یہ کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ حکومت کی ویب سائٹ mygov پر تجاویز سات جولائی تک روانہ کی جاسکتی ہیں۔

محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی ہے کہ آئندہ سات دنوں کے دوران ریاست کے مختلف مقامات پر ہلکی تا اوسط بارش یا گرج چمک کے ساتھ بوندا باندی کا امکان ہے۔ جنوب مغربی مانسون تلنگانہ میں سرگرم ہے۔ گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران جنگاؤں اور پدا پلی اضلاع اور کو مارم بھیم کے بعض مقامات پر موسلا دھار بارش ہوئی ہے۔ اسی مدت کے دوران ریاست کے دیگر علاقوں میں بھی شدید بارش ہوئی ہے۔

☆☆☆☆☆

سات جولائی سے آٹھ اگست تک بونال تہوار کے پیش سدن پاور ڈسٹری بیوشن کمپنی تلنگانہ لمیٹیڈ کی جانب سے مناسب برقی سربراہی کے لئے درکار ضروری اقدامات کیے جارہے ہیں۔ پاور ڈسٹری بیوشن کے سی ایم ڈی مشرف فاروقی نے یہ بات کہی۔ انہوں نے آج حیدرآباد میں کارپوریٹ دفتر پر تمام انجینئرس اور سپرٹنڈنٹ انجینئرس کے ہمراہ ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا۔ سی ایم ڈی نے تمام عہدیداروں کو دو جولائی سے پہلے ضروری اقدامات کرنے کی ہدایت دی۔

☆☆☆☆☆

نیٹ امتحان میں مبینہ بے ضابطگیوں کے خلاف طلبہ کا احتجاج بدستور جاری ہے۔ مختلف طلبہ یونینوں نے آج دوسری مرتبہ مرکزی وزیر کوئلہ کشن ریڈی کے مکان کا گھیراؤ کرنے کی کوشش کی۔ احتجاجی طلبہ کا مطالبہ ہے کہ مرکزی حکومت نیشنل ٹسٹنگ ایجنسی کو برخاست کرے۔ این ایس یو ضلعی صدر ابھیجیت یادو کی قیادت میں طلبہ نے احتجاج کیا۔ اور اس میں دیگر طلبہ تنظیموں کے نمائندوں نے بھی حصہ لیا۔ احتجاجی طلبہ کو مرکزی وزیر کی رہائش گاہ میں داخل ہونے سے پولیس نے روک دیا۔ اس دوران پولیس اور طلبہ کے درمیان تصادم ہوا۔ بعد میں پولیس نے احتجاجی طلبہ کو وہاں سے منتشر کردیا۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس کے سینئر لیڈر و سابق وزیر ہریش راؤ نے آج صبح تہاڑ جیل میں ایم ایل سی کویتا سے ملاقات کی۔ اس دوران ہریش راؤ نے مبینہ طور پر کویتا کا حال چال پوچھا اور اس امید کا اظہار کیا کہ وہ بہت جلد الزامات سے بری ہوجائیں گی۔ کہا جارہا ہے کہ کویتا نے اپنے والد و بی آر ایس سربراہ کے چندر شیکھر راؤ کی صحت کے بارے میں ہریش راؤ سے پوچھا۔ کویتا کے کیس کی اگلی سماعت تین جولائی کو ہوگی۔ دہلی ہائی کورٹ نے کویتا کی ضمانت کی عرضی پر اپنا فیصلہ محفوظ رکھا ہے۔

☆☆☆☆☆

میدک ضلع کے چیگونٹا منڈل میں وڈیارم بائی پاس روڈ پر پیش آئے ایک سڑک حادثہ میں پانچ افراد کی موت ہوگئی جبکہ تین افراد زخمی ہوئے ہیں۔ پولیس کے مطابق ایک لاری دوسری لاری سے ٹکراگئی۔ لاری میں سوار پانچ افراد کی موقع پر ہی موت ہوگئی۔ دوسری لاری میں سوار دیگر تین افراد زخمی ہوئے ہیں۔ جنہیں قریبی اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔ حادثہ کے وقت لاری میں دس افراد سوار تھے۔ پولیس اس معاملہ کی تفتیش کررہی ہے۔

☆☆☆☆☆

چیوڑلہ کے بی آر ایس ایم ایل کے یادیا نے آج نئی دہلی میں اے آئی سی سی تلنگانہ انچارج دیپا داس منشی کی موجودگی میں کانگریس میں شمولیت اختیار کی۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے یادیا کو پارٹی کا کھنڈوا پہنایا اور باضابطہ طور پر ان کا کانگریس میں خیر مقدم کیا۔ یادیا بی آر ایس کے چھٹے ایم ایل اے ہیں جنہوں نے کانگریس میں شمولیت اختیار کی۔ واضح رہے کہ بی آر ایس پہلے ہی عدالت سے رجوع ہوچکی ہے تاکہ کانگریس میں شامل ہونے والے ارکان اسمبلی کو نااہل قرار دیا جائے۔ بی آر ایس نے کانگریس پر انتخابی منشور میں کئے گئے وعدوں کی خلاف ورزی کرنے کا بھی الزام لگایا۔

☆☆☆☆☆

جوائنٹ ٹرانسپورٹ کمشنر رمیش پر حملے کے ایک دن بعد تلنگانہ ٹرانسپورٹ کے ملازمین نے ٹرانسپورٹ بھون حیدرآباد میں آج ہڑتال کی اور قصورواروں کے خلاف کاروائی کا مطالبہ کیا۔ عہدیداروں کے مطابق تلنگانہ آٹو ڈرائیورس جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے کنوینر امان اللہ خان نے مبینہ طور پر رمیش پر حملہ کیا۔ آج ہوئے احتجاج میں رمیش نے بھی شرکت کی۔ انہوں نے ملازمین کو سکیورٹی فراہم کرنے کا مطالبہ کیا۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ میں تقریباً ایک دہائی کے انتظار کے بعد 18942 سرکاری اساتذہ کی ترقی ہوئی ہے۔ 17072 سیکنڈری گریڈ ٹیچر SGT کو پرموٹ کر کے اسکول اسسٹنٹ بنایا گیا ہے جبکہ 1870 اسکول اسسٹنٹس کو ہیڈ ماسٹر بنایا گیا ہے۔ آٹھ جون کو شروع ہوا اساتذہ کی ترقی اور تبادلہ کا عمل اب مکمل ہو گیا ہے۔

☆☆☆☆☆